نقد اعانت: NYC امداد اطفال کی تعمیل کیوں کریں؟

سوال: امداد اطفال کی تعمیل کرنے کا تقاضا کس سے کیا جاتا ہے؟

جواب: وفاقی اور نیو یارک اسٹیٹ کے قانون کا تقاضا ہے کہ جب آپ کی نقد اعانت (Cash Assistance) کے بجٹ پر آپ کے پاس کوئی نابالغ بچہ ہو اور بچے کے دیگر والدین (غیر تولیتی والدین) اسی بجٹ پر نہ ہوں تو آپ امداد اطفال کی تعمیل کریں۔ FIA کے اپنے کارکن کو بتائیں اگر آپ کے پاس اپنے کیس میں موجود سبھی بچوں کے لیے پہلے سے ہی امداد اطفال کا آرڈر ہو۔

سوال: اگر میں امداد اطفال کی تعمیل نہیں کرتا ہوں تو کیا ہوتا ہے

جواب: اگر آپ تعمیل نہیں کرتے ہیں تو ممکن ہے آپ کی مراعات ذیل کے مطابق کم ہو گئی ہوں:

- آپ کی نقد اعانت کی مراعات میں 25% تک کی کمی ہو سکتی ہے؛
- ممکن ہے آپ اپنے لئے Medicaid سے محروم ہو گئے ہوں؛
- ہو سکتا ہے آپ کرایہ میں اعانت کے کچھ پروگراموں کے لئے نااہل ہوجائیں یا کرایہ میں آپ کا تکملہ کم ہو جائے؛
- کیس بند ہو جانے پر آپ کو نقد اعانت کی اپنی مراعات کے علاوہ امداد اطفال کی ادائیگیوں میں 200$ تک فی ماہ – اور مزید موصول نہیں ہوگا۔

سوال: امداد اطفال کا میرا انٹرویو کب اور کہاں ہے؟

جواب: براہ کرم اس ڈاک کے ساتھ مرسلہ اپائنٹمنٹ کا نوٹس چیک کریں۔

اگر آپ اسے کہیں رکھ کو بھول گئے، مزید معلومات درکار ہیں، ورچوئل اپائنٹمنٹ کو ترجیح دیتے ہیں یا اپنی اپائنٹمنٹ دوبارہ شیڈول کرنے کی ضرورت ہے تو، براہ کرم اپنے مقامی امداد اطفال کے بورو آفس سے رابطہ کریں۔ اپنا مقامی بورو آفس https://on.nyc.gov/contactocss پر تلاش کریں۔ اپائنٹمنٹ دوبارہ شیڈول کرنے یا ورچوئل اپائنٹمنٹ کی درخواست کرنے کے لیے، براہ کرم کم از کم 24 گھنٹہ پہلے ہمیں کال کریں۔

اس کی اور تمام محولہ دستاویزات کی نقول اور کاپیاں **https://on.nyc.gov/custodialparent** پر دستیاب ہیں یا ذیل کا QR کوڈ اسکین کریں۔

سوال: کیا مجھے امداد اطفال سے معافی مل سکتی ہے؟

جواب: نیچے اس امر کی کچھ مثالیں ہیں کہ کیوں کسی شخص کو امدادی اطفال سے یا تو عارضی طور پر یا مستقل طور پر معافی مل سکتی ہے؟ چاہے آپ ان زمروں میں سے ایک کے لیے فٹ ہوں، آپ کو اپنی صورتحال کی وضاحت کرنے اور اگلے مراحل پر گفتگو کرنے کے لیے امداد اطفال کی اپنی اگلی اپائنٹمنٹ میں حاضر ہونا لازم ہے۔

- اگر دوسرے والدین کو عدالت میں لایا جاتا ہے اور امداد اطفال ادا کرنے کا آرڈر کیا جاتا ہے تو آپ کو خود اپنے لیے اور/یا اپنے بچے (بچوں) کے لیے تشویشات ہیں۔ https://on.nyc.gov/custodialparent پر "Getting Child Support Safely" (بحفاظت امداد اطفال حاصل کرنا) کے تحت مزید جانیں۔
- آپ کا بچہ زنائے محرم یا عصمت دری کے سبب حمل سے آیا ہو۔
- آپ اپنے بچے کو گود لیے جانے کے لیے کسی تبنیتی ایجنسی کے ساتھ کام کر رہے ہوں۔

قبل اس سے کہ آپ اپنی اپائنٹمنٹ میں جائیں، "LDSS-4279 **امداد کے لیے ذمہ داریوں اور حقوق کا نوٹس**" اور "W-280a **امداد اطفال بحفاظت حاصل کرنے کے بارے میں امداد اطفال کے امکانی درخواست دہندگان کے لیے معلومات دونوں کو پڑھ لیں**"۔ اگر ان دستاویزات کو پڑھنے کے بعد آپ کی حفاظتی تشویشات ہوں تو، براہ کرم FIA کے اپنے کارکن سے رجوع کریں، جو آپ کو HRA کے کسی ڈومیسٹک وائلنس لائزن (Domestic Violence Liaison) کے پاس بھیجے گا۔ ساتھ مل کر آپ یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آیا امداد اطفال آپ اور آپ کی فیملی کے لیے محفوظ ہے۔

مدد درکار ہے؟

براہ کرم اپنے مقامی بورو آفس میں تشریف لے جائیں یا رابطہ کریں۔ اپنا مقامی بورو آفس https://on.nyc.gov/contactocss پر تلاش کریں۔

اس کی اور تمام محولہ دستاویزات کی نقول اور کاپیاں **https://on.nyc.gov/custodialparent** پر دستیاب ہیں یا ذیل کا QR کوڈ اسکین کریں۔